اعداد و شمار سے متعلق چند باتیں

مالی استحکام کا جائزہ 2017ء میں CY کو کیلنڈر سال اور FY کو مالی سال (جو کیلنڈر سال میں جولائی سے شروع ہوتا ہے اور اگلے کیلنڈر سال کے جون پر ختم ہوتا ہے)، جبکہ Q1 تا Q4 کیلنڈر سال یا مالی سال کی چار سہ ماہیوں اور H1 اور H2 کیلنڈر سال یا مالی سال کی دو ششماہیوں کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔

یہ جائزہ مختلف اجزا کے مالی اداروں کے آڈٹ و غیر آڈٹ شدہ کھاتوں (جہاں دستیاب ہو) میں شامل اعداد و شمار پر مبنی ہے، جسے ذیل میں دیا گیا ہے:

- بینکوں (روایتی یا اسلامی)، ترقیاتی مالی اداروں، خرد مالکاری بینکوں، مالی بازاروں اور ادائیگی کے نظاموں کے بارے میں اعداد و شمار کی بنیاد غیر آڈٹ شدہ مالی گوشوارے ہیں جو کھاتوں کے سہ ماہی رپورٹنگ چارٹ (Quarterly Reporting Chart of Accounts-RCOA) اور دیگر ریٹرنز کے ذریعے اسٹیٹ بینک کو پہنچائے جاتے ہیں۔
- غیر بینک مالی اداروں (ماسوائے ترقیاتی مالی ادارے) کے اعداد و شمار اسپیشلائزڈ کمپنیز ریٹرن سسٹم (SCRS) کے ذریعے ایس ای سی پی کو جمع کرائی گئی ماہانہ رپورٹس پر مبنی ہیں۔
- شعبہ بیمہ 31 دسمبر 2017ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ اور غیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں پر مبنی ہے۔
- کارپوریٹ شعبے سے متعلق ڈیٹا کمپنیوں کے مالی گوشواروں، سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج سے لیا گیا ہے۔